صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز اتوار مورخہ 20 جولائی 2025ء بمطابق 24 محرم الحرام 1447 ہجری صبح گیارہ بجکر تیئیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَاذْكُرُوْ انِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖ o اِذْقُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰہَ o اِنَّ اللّٰہَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا o اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰہَ o اِنَّ اللّٰہَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۔

(ترجمہ): اللہ نے تم کو جو نعمت عطا کی ہے اس کا خیال رکھو اور اُس پختہ عہد وپیمان کو نہ بھولو جو اُس نے تم سے لیا ہے، یعنی تمہارا یہ قول کہ، "ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی" اللہ سے ڈرو، اللہ دلوں کے راز تک جانتا ہے اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کر دے کہ انصاف سے پھر جاؤ عدل کرو، یہ خدا ترسی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے اللہ سے ڈر کر کام کرتے رہو، جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے پوری طرح باخبر ہے وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔

جناب شیر علی آفریدی: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: شیر علی صاحب! آپ کورم کی نشاندہی اس سیٹ سے جا کر کر سکتے ہیں جو سیٹ آپ کو Allot ہوئی ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! آج اجلاس کی کارروائی کا ایک اہم حصہ حلف برداری ہے، دستور پاکستان کی شق 65 اور اس ایوان کے قواعد وضوابط اور طریقہ کار کے قاعدہ نمبر 6 کے تحت۔۔۔۔۔

(شور)

جناب شیر علی آفریدی: سر! گنتی کر لیں، آپ گنتی کر لیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، کوئی ایسا مجھے قانون بتا دیں۔

(شور)

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جلال خان! اس طرح ہے، ثوبیہ بی بی کچھ فرما رہی ہیں۔ جی ثوبیہ بی بی!

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، آپ حلف کے درمیان اور تلاوت کے درمیان کورم پورا نہ ہونے کی نشاندہی نہیں کر سکتے، دیکھیں یہ آپ لوگ قصداً کر رہے ہیں، ایک سال سے اس صوبے کو آپ لوگوں نے، اس کے ساتھ آپ مذاق کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھا، اس طرح ہے۔۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور جناب سپیکر صاحب، اگر آپ نہ اٹھائیں تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھے ایک شق بتا دیں؟

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر! مجھے موقع دیں تاکہ میں اس پر بات کروں۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، Counting کریں، آپ نے Speech شروع کر دی، آپ کو میں نے کہا تھا کہ مجھے آپ وہ شق بتا دیں، اس شق کو ہم یہاں Examine کر لیتے ہیں، اگر جو بات آپ کہہ رہی ہیں وہ درست ثابت ہوئی That's it, speeches، نہ کریں، پہلے مجھے پھر Speeches میں بات گڑبڑ ہو جائی گی۔۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر!
جناب سپیکر: جی کنڈی صاحب کا مائیک On کریں۔
جناب شیر علی آفریدی: سر! کورم کی نشاندہی کے بعد Speeches نہیں کی جا سکتیں۔
جناب احمد کنڈی: شکریہ جی۔ جناب سپیکر صاحب، دیکھیں، بہت ساری چیزیں آئین میں، قانون میں Written form میں موجود ہیں، اگر آپ نے دیکھا ہوگا، اس حلف کے اوپر پچھلی دفعہ بھی کچھ اس طرح کے کالے قوانین کے ذریعے کچھ ایسی روایات اور ریت رکھی گئی تھی جس کی وجہ سے جو Domain جس بندے کا حلف لینے کا تھا، اس نے انکار کیا تھا، پھر دوسرے لوگوں نے لیا، آپ مجھے یہ بتائیں؟ میں آج سارے ہاؤس کے آگے یہ سوال رکھتا ہوں، تلاوت یہ آپ کی Proceedings کا حصہ ہے، آپ تلاوت سے پہلے کوئی بھی Quorum identify نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔۔
جناب سپیکر: نہیں، اس نے تلاوت کے بعد کیا ہے۔
جناب احمد کنڈی: میری گزارش تو سنیں، میری گزارش سن لیں، میں اسی پہ آ رہا ہوں، جلدی آپ نہ کریں، آپ نے Point raised کیا ہے، آپ جو کرنا چاہتے ہیں، کر لیں، ہم صرف ریکارڈ کا حصہ اسے بنانا چاہتے ہیں تاکہ کل کو ہماری نئی نسل آئے تو وہ دیکھے کہ اس میں کس کا سیاہ کردار تھا، کس کا روشن کردار تھا، Oath of the۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، Oath of the Member یہ ایک Mandatory چیز ہے، اس کو آپ اگر دیکھ لیں، اس کی روح میں آپ کو بتاتا ہوں، جب ہم لوگ جنرل الیکشن لڑ کر آتے ہیں، Constitution میں کلیئر کٹ لکھا ہوا ہے، اس میں Time frame دیا ہوا ہے، اس کے مطابق ہی Article 255 ابھی آپ کا آگیا ہے، جناب سپیکر، ہم صرف اس کو ریکارڈ کا حصہ بنا لیتے ہیں کہ کون Oath taking میں خلل ڈال رہا تھا۔۔۔۔
جناب سپیکر: کورم پوائنٹ آؤٹ ہو گیا، کنڈی صاحب! مجھے کوئی شق وہ بتا دیں، اس کو میں دیکھ لیتا ہوں، کورم پوائنٹ آؤٹ ہو چکا ہے، آپ Counting کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب احمد کنڈی: سر!۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر کورم پورا نہیں تھا)

جناب سپیکر: اچھا، پچیس (25) ہیں، جناب اپوزیشن لیڈر صاحب، پچیس (25) تعداد ہے، کورم ٹوٹا ہوا ہے، گھنٹیاں بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: سر!   آپ جو کہنا چاہتے ہیں، جناب اپوزیشن لیڈر صاحب، ویسے ہی آپ کو کہنا پڑے گا کیونکہ کورم پوائنٹ آؤٹ ہو چکا ہے، اب بات تو نہیں ہو سکتی ناں، اچھا، اس طرح ہے، جناب اپوزیشن لیڈر صاحب، میں Adjourn کر دوں یا پنچ میں وقفہ لے لوں؟ وقفہ لے لوں یا Adjourn کر دوں؟

(شور)

جناب سپیکر: بھئی، یہ جمہوریت ہے، جس میں ہم کام کر رہے ہیں۔

(شور)

جناب سپیکر: اچھا، آپ میری بات سن لیں، اچھا میری بات سن لیں، میں ایک بات کر لوں، جناب اپوزیشن لیڈر صاحب!   ڈاکٹر عباد صاحب!   ذرا توجہ دیں، چونکہ اب کورم پورا نہیں ہے۔

The sitting is adjourned till 02.00 pm, Thursday, 24th July, 2025.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 24 جولائی 2025ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)